30/03/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گُل

ایل جی

جموں میں کل ”جموں میراتھن “کا انعقاد کیا گیا۔اس میرا تھن میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی جن میں کئی اہم شخصیات بھی شامل تھیں۔جموں میرا تھن کے اختتام پرفاتحین کو انعامات سے نوازنے کے بعد ایل جی نے کہا ہے کہ میرا تھن جیسی فٹنس سرگرمیاں نہ صرف انسانی صحت کیلئے مفید ہیں بلکہ یہ ذہنی صحت کو فائدہ پہنچانے کے علاوہ اتھلیٹ کو مختلف محاذوں پر بھی کامیابی کیساتھ ہمکنار کراتی ہیں۔

...........LG...........

ملاقات

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے مختلف وفود نے ملاقات کی اور عوامی و ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

وفود میں آر ایس پورہ کے سابق سرپنچوں کا ایک وفد، شوپیان سے محمد یوسف بٹ کی قیادت میں ایک عوامی وفد، جبکہ سماجی کارکن انو گپتا کی سربراہی میں ایک وفد نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

اس کے علاوہ گائیڈنس اینڈ
کا

نسلنگ سیل فار یوتھ ڈیولپمنٹ، گُرہا سلاتھیہ کے ایک وفد اور جے اینڈ کے کانگریس راجیو ¶ گاندھی پنچایتی راج سنگٹھن کے چیئرمین سندیپ سنگھ رسام نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

ٹولپ

وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے اننت ناگ ضلع کے ساگم علاقے مینشیر کشمیر یونیورسٹی آف میں قائم کئے Mountain Crop Research Station ایگریکلچر ل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے

گئے ٹولپ گارڈن کا افتتاح کیا۔اس موقعے وزیر موصوف نے ٹولپ بلبس کیلئے ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ سینٹر قائم کرنے کیلئے سکاسٹ کے سائنس دانوں کو مبارکباد دی ۔

ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ سینٹر کی اہمیت کے بارے میں سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

............Byte........

ستیش شرما

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے وزیر ستیش شرما نے جموں کشمیر میں کھیل کود کے منظر نامے کو نئی اونچائیوں تک لے جانے کے سرکار کے عزم کودُہرایا ہے ۔ کل مردوں کے جموں کشمیر ہاکی چمپئن شپ2026کے اختتامی تقریب پر فاتحین کو انعامات سے نوازنے کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہاکہ سرکار تمام کھلاڑیوں کومساواتی بنیاد پر موقعے فراہم کر رہی ہے ۔ انھوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے کھلاڑیوں کی صلاحیتونکا مظاہرہ جو دیکھنے کو مل رہا ہے اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جموں کشمیر کھیل کود میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ضلع کے مختلف بازاروں اور پیٹرول پمپس کا دورہ کیا۔انہوں نے پیٹرول اور ڈیزل کی دستیابی کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ ایندھن اور ضروری اشیاءکی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

ڈاکٹر زبیر

سی ایس آئی آر-انڈین انسٹی ٹیوٹ آف انٹیگریٹو میڈیسن کے ڈائریکٹر ڈاکٹر زبیر احمد نے بونورہ فیلڈ اسٹیشن میں سی ایس آئی آر ٹیولپ فیسٹیول 2026 کا افتتاح کیا۔فیسٹیول کا مقصد پھولوں کی کاشت کو فروغ دینا اور کسانوں کی آمدنی میں اضافہ کرنا ہے۔اس موقع پر انہوں نے مقامی سطح پر ٹیولپ بلب کی پیداوار کو خود کفالت کی جانب اہم قدم قرار دیا۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ ہر سوموار اور منگلوار کوساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

سطح آب

وادی کے بیشتر علاقوں میں بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔کل دن میں کچھ گھنٹوں کیلئے اگر چہ دھوپ کھلی تاہم کل شام سے ہی بارشیں پھر سے شروع ہوئیںجو ابھی تک جار ی ہے ۔

اس بیچ بارشوں کے باوجود تمام چھوٹے بڑے دریاؤں اور ند ی نالونمیں پانی کی سطح معمول کے برعکس ابھی بہت کم ہونے کی اطلاعات موصول ہورہی ہیں۔

ادھر سرینگر جموں قومی شاہراہ پر دونوں طرف سے آواجائی جاری ہے ۔ تاہم ہمار ے نمائندے کے مطابق شاہراہ کے بیشتر مقامات پر مطلع ابر آلود ہے اور ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہو رہی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ7ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت20اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ